مترجم

جناب الحاج مولانا اشفاق حسین

ابو منصور احمد ابن علی ابن ابی طالب طبرسی

(از علمائے اوائل قرن ششم)

احتجاجِ طبرسی

حصہ (اول ۔ دوئم)

ناشر

ادارہ تحفظ حسینیت

لاہور پاکستان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

احتجاج طبرسی

ابو منصور احمد ابن علی ابن ابی طالب طبرسی
(ازعلماء اوائل قرن ششم)

حصہ (اوّل۔ دوم)

مترجم

جناب الحاج مولانا اشفاق حسین صاحب

ناشر:

ادارہ تحفظ حسینیت علیہ السلام

لاہور۔ پاکستان

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب .... احتجاج طبرسی

مؤلف .... ابو منصور احمد ابن علی ابن ابی طالب طبرسی

.... (از علماء اوائل قرن ششم)

مترجم: .... جناب الحاج مولانا اشفاق حسین صاحب

طبعہ اوّل ۲۰۰۹ء

تعداد ۱۰۰۰

ناشر .... ادارہ تحفظ حسینیت علیہ السلام لاہور

ملنے کا پتہ

تمام شیعہ بک سٹال پر دستیاب ہے

احتجاج طبرسی
حصہ اول

طلحہ و زبیر سے امیر المومنینؑ کا گفتگو

سلیم ابن قیس کہتے ہیں کہ روز جمل جب امیر المومنینؑ اہل بصرہ کے سامنے آئے تو زبیر ابن عوام کو اپنے پاس بلایا۔ زبیر طلحہ کے ساتھ حضرت علیؑ کے سامنے آئے تو حضرتؑ نے فرمایا:

کیا تم جانتے ہو کہ رسول اکرمؐ کی زبانی اہل جمل ملعون ہیں؟

اس بات کو تمام صاحبان روایت و دانش اور خود دختر ابو بکر عائشہ بھی جانتی ہیں۔

زبیر و طلحہ!! ہم کیسے ملعون ہو سکتے ہیں، جب کہ ہم اہل بہشت سے ہیں۔

امیر المومنینؑ !! اگر تم اہل بہشت سے ہوتے تو میں تمہاری ہرگز مخالفت نہ کرتا اور تمہارے ساتھ جنگ نہ کرتا۔

زبیر! کیا آپ نے سعید ابن زید کی حدیث نہیں سنی کہ رسول اکرمؐ نے فرمایا:

قریش کے دس افراد بہشت سے ہوں گے؟

امیر المومنینؑ ! ہاں سعید نے اس حدیث کو خلافت عثمان کے دور میں بیان کیا۔

زبیر! کیا سعید نے رسولؐ خدا پر دروغ و افتراء کیا ہے؟

امیر المومنینؑ !ان دس کو شمار کرو۔

زبیر!! ابو بکر، عمر، طلحہ، زبیر، عبد الرحمٰن ابن عوف، سعد ابن ابی وقاص، ابو عبیدہ جراح، سعید ابن زید۔

امیر المومنینؑ ! یہ نو نفر ہوئے دسواں کون ہے؟ زبیر! دسویں آپ ہیں۔

امیر المومنینؑ :اس صورت میں تم اقرار کرتے ہو کہ میں اہل جنت سے ہوں لیکن میں تمہارے بارے میں گواہی نہیں دیتا، تمہاری اس حدیث کا انکار کرتا ہوں اور تمہارے جنتی ہونے کی مخالفت کرتا ہوں۔

زبیر: آپ کہنا چاہتے ہیں کہ سعید نے رسول اکرمؐ کے اوپر جھوٹا الزام لگایا ہے؟

امیر المومنینؑ: مجھے اس بارے میں ظن وگمان نہیں بلکہ بخدا قسم اس کے جھوٹے کا یقین اور علم ہے۔ نامبردہ افراد میں سے بعض کو میں پہچانتا ہوں کہ قیامت کے روز ان کو ایک تابوت میں رکھا جائے گا اور دوزخ میں سب سے نیچے طبقہ کے گہرے کنویں میں ڈال دیا جائے گا اس کنویں کے اوپر ایک پتھر ہے کہ جب دوزخ کی آگ شعلہ ور کرنا چاہتے ہیں تو اس پتھر کو کنارے کر دیتے ہیں اور اس کنویں کی شدت حرارت سے دوزخ کی آگ بھڑک اٹھتی ہے۔

یہ حدیث میں نے رسولؐ خدا سے سنی ہے اگر جھوٹ بولوں تو خدا مجھے تم پر غالب وکامیاب نہ کرے، میرا خون تمہارے ہاتھوں بہائے، اگر صحیح کہہ رہا ہوں تو خدا مجھے فتح ونصرت عطا کرے اور جلد از جلد تمہاری اور تمہارے ساتھیوں کی ارواح دوزخ سے نزدیک کر دے۔

زبیر روتا ہوا اپنے لشکر کی جانب واپس ہو گیا۔